www.understandquran.com

# سبق-9: فعل ماضِ: فَعَلَ، فَتَحَ، جَعَلَ

**گرامر**: گذشتہ اسباق میں ہم نے حروفِ جر اور دوسرے حروف کے متعلق پڑھا، اس سبق میں ہم فعل کے متعلق پڑھیں گے۔

**فعل**: فعل وہ کلمہ ہے جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا ظاہر ہو، مثلاً: فَتَحَ (اس نے کھولا)، یَفْعَلُ (وہ کرتا ہے) وغیرہ۔

عربی زبان میں تقریباً تمام کلمات (اسم ہوں یا فعل) تین حروف سے بنتے ہیں، جیسے: ف ع ل، ن ص ر، ض ر ب وغیرہ۔

عربی زبان میں بنیادی طور پر دو زمانے ہوتے ہیں: ماضی اور مضارع، اس سبق میں ہم فعل ماضی (جو کام ہو چکا) کے دیے گئے چھ صیغوں کی TPI کے ذریعہ پریکٹس کریں گے، یہ طریقہ ذیل میں دیا جا رہا ہے۔

- جب آپ فَعَلَ (اس نے کیا) کہیں تو سیدھے ہاتھ کی تشہد کی انگلی سے دائیں جانب اشارہ کریں، گویا وہ آپ کے دائیں جانب بیٹھا ہوا ہے۔ پھر جب آپ فَعَلُوْا (ان سب نے کیا) کہیں تو سیدھے ہاتھ کی چاروں انگلیوں سے دائیں جانب اشارہ کریں۔
- جب آپ فَعَلْتَ (آپ نے کیا) کہیں تو سیدھے ہاتھ کی تشہد کی انگلی سے سامنے کی جانب بیٹھے ہوئے شخص کی طرف اشارہ کریں۔ پھر جب آپ فَعَلْتُ (میں نے کیا) کہیں تو سیدھے ہاتھ کی تشہد کی انگلی سے خود کی جانب اشارہ کریں۔
- پھر جب آپ فَعَلْتُمْ (آپ سب نے کیا) کہیں تو سیدھے ہاتھ کی چاروں انگلیوں سے سامنے اشارہ کریں، جب آپ فَعَلْنَا (ہم سب نے کیا) کہیں تو سیدھے ہاتھ کی چاروں انگلیوں سے خود کی جانب اشارہ کریں۔، اگر کلاس چل رہی ہو تو استاد طالب علم کی طرف اور طالب علم استاد کی طرف اشارہ کرے۔

| فعل مَاضِ (ف ع ل) | |
|---|---|
| فَعَلَ | اس نے کیا |
| فَعَلُوْا | ان سب نے کیا |
| فَعَلْتَ | آپ نے کیا |
| فَعَلْتُ | میں نے کیا |
| فَعَلْتُمْ | آپ سب نے کیا |
| فَعَلْنَا | ہم سب نے کیا |

***(عربی بول چال)***

آپ سب نے اچھا کام کیا ہوگا، یہ بات ذہن میں رکھتے ہوئے جواب دیں

| | |
|---|---|
| هَلْ فَعَلَ؟ | نَعَمْ، فَعَلَ. |
| هَلْ فَعَلُوْا؟ | نَعَمْ، فَعَلُوْا. |
| هَلْ فَعَلْتَ؟ | نَعَمْ، فَعَلْتُ. |
| هَلْ فَعَلْتُمْ؟ | نَعَمْ، فَعَلْنَا. |

www.understandquran.com

فعل ماضی کے صیغے اپنی مختلف حالتوں میں اپنے آخری حروف کو بدلتے رہتے ہیں، ان حروف کی تبدیلی سے یہ پتہ چلتا ہے کہ یہ کام کس نے کیا ہے۔ اسی بات کو آسانی سے ذہن نشین کرانے کے لیے تصویروں سے سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے، اگر آپ کسی راستے پر کھڑے ہوں تو آپ کو جانے والی کار، ٹرک یا جیپ کا صرف پچھلا حصہ نظر آتا ہے، پچھلے حصہ کو دیکھ کر آپ کہہ سکتے ہیں کہ یہ کون سی چیز تھی جو چلی گئی۔ اگر آپ رن وے پر کھڑے ہوں تو اڑتے ہوئے (جو چلا گیا یا گویا ماضی ہو گیا) ہوائی جہاز کا صرف پچھلا حصہ نظر آئے گا جس کی دم پر یہ تبدیلیاں (–، وْا، تَ، تُ، تُمْ، نَا) بتائی گئی ہیں۔

کچھ اور نکات آسانی سے یاد رکھنے کے لیے:

- أَنْتَ فَعَلْتَ – أَنْتُمْ فَعَلْتُمْ: ان دونوں میں بہت صاف تعلق ہے، تَ تَ میں اور تُمْ تُمْ میں!
- فَعَلْتُ: میں نے کیا، میں فالتو نہیں ہوں، میں نے کام کیا ہے ☺۔
- نَحْنُ اور فَعَلْنَا: دونوں میں نون ہے اور اس تعلق کو یاد رکھا جاسکتا ہے۔

| فعل ماضِ (فتح) | |
|---|---|
| فَتَحَ | اس نے کھولا |
| فَتَحُوْا | ان سب نے کھولا |
| فَتَحْتَ | آپ نے کھولا |
| فَتَحْتُ | میں نے کھولا |
| فَتَحْتُمْ | آپ سب نے کھولا |
| فَتَحْنَا | ہم سب نے کھولا |

*** (عربی بول چال) ***

آپ سب نے کتاب کھولی ہوگی، یہ بات ذہن میں رکھتے ہوئے جواب دیں۔

هَلْ فَتَحَ؟ — نَعَمْ، فَتَحَ.

هَلْ فَتَحُوْا؟ — نَعَمْ، فَتَحُوْا.

هَلْ فَتَحْتَ؟ — نَعَمْ، فَتَحْتُ.

هَلْ فَتَحْتُمْ؟ — نَعَمْ، فَتَحْنَا.




بالکل فَتَحَ ہی کی طرح جَعَلَ (اس نے بنایا) کے صیغے ہیں، ان کو ہوم ورک کے طور پر کیجیے۔

جَعَلَ  جَعَلُوْا  جَعَلْتَ  جَعَلْتُ  جَعَلْتُمْ  جَعَلْنَا